# اطلاع برائے سالانہ اجلاس عام

بذریعہ ہذا مطلع کیا جارہا ہے کہ پاکستان آکسیجن لمیٹڈ ("کمپنی") کا چھہترواں ("76th") سالانہ اجلاس عام بروز جمعرات مؤرخہ 24 اپریل 2025 بوقت دوپہر 2:30 بجے کمپنی کے رجسٹرڈ شدہ دفتری پتے ویسٹ وہارف، ڈاک یارڈ روڈ، کراچی اور ویڈیو لنک کے ذریعے منعقد کیا جارہا ہے۔ اس اجلاس میں درج ذیل امور کو زیرکاروائی لایا جائے گا:

**امور عام:**

1۔ مالی سال اختتامیہ 31 دسمبر 2024 سے متعلق کمپنی کے مالیاتی گوشواروں اور ان سے متعلق ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کو وصول کرنا اور انھیں زیرغور لانا۔

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (7)223 اور سیکیوریٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کے ایس آر او 2023/(I)389 مجریہ 21 مارچ 2023 کے تحت کمپنی کے مالیاتی گوشوارے بابت مالی سال اختتامیہ 31 دسمبر 2024 کو کمپنی کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کردیا گیا ہے، ان تک رسائی اور ڈاؤن لوڈ کرنے کیلئے درج ذیل لنک اور کیو آر کوڈ کو استعمال کیا جاسکتا ہے:

Financial Statements
Pakistan Oxygen Limited

2۔ کمپنی کے آڈیٹرز کی تعیناتی کرنا اور ان کے مشاہرے کا تعین کرنا۔

بحکم بورڈ

مظہر اقبال

کمپنی سیکرٹری

کراچی:

27 فروری 2025

نوٹس:

## 1۔ شیئر ٹرانسفر بکس کی بندش

کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس 17 اپریل 2025 تا 24 اپریل 2025 (بشمول ایام مذکورہ) بند رہیں گی۔ کمپنی شیئر رجسٹرار، سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس B-99، بلاک B، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل کراچی-74400 کے پتے پر کاروباری دن 16 اپریل 2025 کے اختتام تک موصول ہونے والی منتقلیوں کو بروقت سمجھا جائے گا، انھیں مندرجہ بالا امور کے سلسلے میں اجلاس میں شرکت کا استحقاق حاصل ہوگا۔

## 2۔ اجلاس میں شرکت

کوئی ممبر جو سالانہ اجلاس عام میں شرکت کرنے، بولنے اور ووٹ ڈالنے کا حقدار ہے، وہ اپنی جگہ دوسرے ممبر کو شرکت کرنے اور ووٹ ڈالنے کے لئے پراکسی مقرر کرنے کا اختیار رکھتا ہے۔ پراکسی کے کارآمد ہونے کیلئے پراکسی فارم اجلاس شروع ہونے سے کم از کم 48 گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر، ویسٹ وہارف، ڈاک یارڈ روڈ، کراچی - 74000 پر جمع کروادیا جائے یا فارم کو بذریعہ ای میل

mazhar.iqbal@pakoxygen.com

پر موصول ہونا لازم ہے۔ پراکسی کیلئے لازم ہے کہ وہ کمپنی کا/کی ممبر ہو ماسوائے کسی کاروباری ادارے کے جس کی جانب سے کسی آفیسر کو پراکسی مقرر کیا جاسکتا ہے جو کہ کمپنی کا ممبر نہ ہو۔ پراکسی فارم کی نقول کمپنی کی ویب سائٹ (www.pakoxygen.com) سے ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے۔

## 3۔ ممبران کے پتے میں تبدیلی:

کمپنی کے ممبران سے درخواست کی جاتی ہے اپنے پتے یا بینک مینڈیٹ میں کسی بھی تبدیلی سے کمپنی کے شیئر رجسٹرار، سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کو مذکورہ بالا پتے پر مطلع فرمادیں۔

4۔ سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کیلئے رہنمائی:

سینٹرل ڈیپازیٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ ("CDC") کے اکاؤنٹ ہولڈرز کو مزید مندرجہ ذیل ہدایات پر عمل کرنا ہوگا جیسا کہ سرکلر نمبر 1 مجریہ 26 جنوری 2000 جاری کردہ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان میں مذکور ہیں:

الف۔ اجلاس میں شرکت کیلئے:

(i) بصورت افراد، اکاؤنٹ ہولڈر یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا شخص جن کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہو اور انکی رجسٹریشن کی تفصیلات قواعد کے مطابق اپ لوڈ ہیں، انھیں اجلاس میں شرکت کے وقت اپنی شناخت ثابت کرنے کیلئے اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ دکھانا ہوگا۔

(ii) بصورت کاروباری ادارہ، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی معہ نامزد شخص کے نمونہ دستخط بوقت اجلاس پیش کئے جائیں گے (اگر پہلے سے فراہم نا کیا گیا ہو)۔

ب۔ پراکسی کا تقرر:

(i) بصورت افراد، اکاؤنٹ ہولڈر یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا کوئی فرد جن کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ کی صورت میں ہو اور انکی رجسٹریشن سے متعلق معلومات کو قواعد وضوابط کے تحت اپ لوڈ کیا جاتا ہو وہ اپنے پراکسی مذکورہ بالا شرائط کے تحت جمع کروائیں گے۔

(ii) پراکسی فارم پر دو افراد بطور گواہ دستخط کریں گے جن کے نام، پتے اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر پراکسی فارم پر مندرج کئے جائیں۔

(iii) مستفید مالکان اور پراکسی بنائے جانے والے شخص کے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی مصدقہ نقول بھی پراکسی فارم کے ساتھ منسلک کیا جائے۔

(iv) پراکسی کیلئے لازم ہوگا کہ اجلاس میں شرکت کے وقت اپنی شناخت کیلئے اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ ظاہر کریں۔

(v) بصورت کاروباری ادارہ، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی معہ نمونہ دستخط پراکسی فارم کے ساتھ جمع کروائے جائیں گے (اگر پہلے ہی یہ دستاویزات جمع نا کروائی گئی ہوں)۔

5۔ سالانہ اجلاس عام میں بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی سہولت:

کمپنی کی جانب سے سالانہ اجلاس عام میں بذریعہ ویڈیو لنک شریک ہونے کیلئے تمام ضروری بندوبست کیا جاچکا ہے۔ لہذا ایسے ممبران جو کہ اجلاس ہذا میں بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کے خواہاں ہیں ان سے گزارش ہے کہ مندرجہ ذیل جدول کی صورت میں اپنی مطلوبہ معلومات بذریعہ ای میل، واٹس ایپ یا کسی دیگر الیکٹرانک ذرائع یا بذریعہ کوریئر یا ڈاک بعنوان "Registration for AGM of Pakistan Oxygen Limited - 2025" معہ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی دوطرفہ نقل کمپنی کو ارسال کیا جائے:

ای میل: mazhar.iqbal@pakoxygen.com

موبائل فون نمبر: 1709 822 301 92+

رجسٹرڈ شدہ دفتری پتہ: پاکستان آکسیجن لمیٹڈ، ویسٹ وہارف، ڈاکیارڈ روڈ، کراچی - 74000

| Name of Shareholder | CNIC No. | Folio No. | Cell No. | Email Address |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

ویڈیو لنک اور لاگ ان کے بارے میں معلومات صرف ان ممبران / نامزد پراکسیز کو بذریعہ ای میل ارسال کی جائیں گی جن کی جانب سے کمپنی کو مذکورہ بالا معلومات بذریعہ ای میل سالانہ اجلاس عام شروع ہونے سے کم از کم اڑتالیس (48) گھنٹے قبل موصول ہو جائیں گی۔

## 6۔ سالانہ رپورٹ 2024 کی الیکٹرانک ترسیل:

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (6)223 اور ایس آر او 2023/(I)389 مجریہ 21 مارچ 2023 کے تحت کمپنی اپنی سالانہ رپورٹ 2024 بذریعہ ویب لنک، کارآمد کیو آر کوڈ اور ای میل اپنے ان ممبران کو ارسال کر چکی ہے جن کے ای میل ایڈریس کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کے پاس موجود ہیں۔ تاہم جہاں کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے پاس ای میل ایڈریس موجود نہیں ہیں وہاں کمپنی کی جانب سے سالانہ اجلاس عام کے نوٹس کی پرنٹ شدہ کاپیاں معہ کارآمد کیو آر کوڈ اور ویب لنک کے ساتھ، سالانہ رپورٹ 2024 (معہ مالیاتی گوشوارے) ممبران کو ارسال کی جا چکی ہیں۔

علاوہ ازیں، کمپنی کی جانب سے کسی بھی ممبر کو درخواست کرنے پر پرنٹ شدہ سالانہ رپورٹ 2024 فراہم کی جا سکتی ہے، یہ رپورٹ بلا معاوضہ ان کے رجسٹرڈ شدہ پتے پر درخواست موصول ہونے کے سات (07) دن کے اندر اندر فراہم کر دی جائے گی۔ ایسے ممبران جو کہ سالانہ رپورٹ معہ نوٹس برائے سالانہ اجلاس عام پرنٹ فارم میں حاصل کرنا چاہتے ہیں، ان سے درخواست ہے کہ کمپنی کی ویب سائٹ www.pakoxygen.com پر دستیاب اسٹینڈرڈ ریکویسٹ فارم پُر کر کے کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے پاس جمع کروادیں۔

علاوہ ازیں، تمام ممبران سے گزارش ہے کہ اپنے موجودہ ای میل ایڈریس (معہ کارآمد کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی نقل) کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کے پاس جمع کروادیں اگر ممبران کے پاس کمپنی کے حصص فزیکل صورت میں موجود ہوں، لیکن اگر حصص بک انٹری کی صورت میں ہوں تو اپنے متعلقہ شراکتی/انویسٹر اکاؤنٹ سروسز کے پاس جمع کروادیں۔

## 7۔ کمپنی کی ویب سائٹ پر سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کی دستیابی:

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (7)233 کے مطابق کمپنی کے آڈٹ شدہ سالانہ مالیاتی گوشوارے برائے مالی سال اختتامیہ 31 دسمبر 2024 کمپنی کی ویب سائٹ www.pakoxygen.com پر دستیاب ہیں۔

## 8۔ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ/این ٹی این جمع کروانا لازم ہے:

ایسے حصص یافتگان جن کی جانب سے ابھی تک کمپنی یا کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے پاس کارآمد کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی نقل جمع نہیں کروائی گئی ہے، ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ پہلی فرصت میں اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی نقل کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے پاس جمع کروادیں۔ کاروباری اداروں سے گزارش ہے کہ اپنے این ٹی این نمبر جلد از جلد جمع کروادیں۔

کمپنیز (ڈسٹری بیوشن آف ڈیویڈنڈ) ریگولیشنز 2017 کے ضابطہ نمبر 6 کی رو سے کمپنی ایسے کسی بھی ممبر کے ڈیویڈنڈ کی ادائیگی روک لے گی جس کی جانب سے شناختی نمبر (شناختی کارڈ نمبر یا این ٹی این نمبر) جمع نا کروایا گیا ہو۔

## 9۔ ڈیویڈنڈ مینڈیٹ (لازمی)

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 242 کے تحت، نقد کی صورت میں ادا کیا جانے والا کوئی بھی ڈیویڈنڈ صرف حصص یافتگان کے نامزد کردہ بینک اکاؤنٹ میں بذریعہ الیکٹرانک ذرائع ہی جمع کروایا جا سکتا ہے۔ لہذا بذریعہ نوٹس ہذا، ایک مرتبہ پھر تمام ممبران سے گزارش کی جاتی ہے کہ مستقبل میں بذریعہ الیکٹرانک ذرائع نقد ڈیویڈنڈ کے حصول کیلئے اپنے بینک سے متعلق معلومات کی کمپنی کے پاس تجدید کروالیں جیسا کہ اکاؤنٹ ٹائٹل، مکمل اکاؤنٹ نمبر (یعنی 24 نمبر والا IBAN نمبر)، بینک کا مکمل پتہ، بینک کا نام، فولیو نمبر، موبائل فون نمبر اور ای میل ایڈریس۔ اگر آپ کے پاس حصص فزیکل صورت میں موجود ہوں تو بینک سے متعلق معلومات

ہمارے شیئر رجسٹرار میسرزسی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کے پاس جمع کروادیں۔آپ سے گزارش ہے کہ مستقبل میں کسی زحمت سے بچنے کیلئے یہ معلومات جلدازجلد فراہم کردیجئے۔

## 10۔ غیردعوی شدہ/غیراداشدہ ڈیویڈنڈ

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 244 کے مطابق کمپنی کی جانب سے جاری کردہ کوئی بھی حصص یا اعلان شدہ نقد ڈیویڈنڈ جو کہ واجب الوصول ہونے کی تاریخ سے تین سال تک وصول نہیں کئے گئے انھیں کمیشن کے پاس بحق وفاقی حکومت جمع کروانا لازم ہے، اس کاروائی سے قبل حصص یافتگان کو نوٹس جاری کئے جائیں گے۔کمپنی کی جانب سے جاری شدہ حصص اوراعلان شدہ نقد ڈیویڈنڈ جوکہ واجب الوصول ہونے کی تاریخ سے تین سال کی مدت تک غیردعوی شدہ یا غیراداشدہ ہیں ان کی تفصیلات کمپنی کی ویب سائٹ www.pakoxygen.com پر شائع کی جاچکی ہیں۔

شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے غیردعوی شدہ شیئرز / غیر ادا شدہ ڈیویڈنڈ کے دعوے بروقت جمع کروائیں۔اگراس سلسلے میں کوئی دعوی موصول نہیں ہوتا ہے تو کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 244 کے ذیلی سیکشن 2 کے تحت کمپنی کیجانب سے غیردعوی شدہ یا غیرادا شدہ رقوم بحق وفاقی حکومت جمع کروادی جائیں گی۔

## 11۔ فزیکل شیئرز کی بک انٹری کی صورت میں منتقلی

حصص یافتگان کو براہ راست بھیجے جانے والے خطوط اور اخبارات میں شائع کئے جانے والے اشتہارات کی صورت میں کمپنی کے گزشتہ نوٹس کے تسلسل میں ایسے حصص یافتگان جن کے پاس کمپنی کے شیئرز اب تک فزیکل صورت میں موجود ہیں ان سے گزارش کی جاتی ہے کہ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (2)72 کی پاسداری کرتے ہوئے اپنے فزیکل حصص کو جلد ازجلد بک انٹری کی صورت میں منتقل کروالیں۔حصص یافتگان اس سلسلے میں پاکستان اسٹاک ایکسچینج ممبر ،سی ڈی سی شراکت داروں یا سی ڈی سی انویسٹرا کاؤنٹس سروسز فراہم کنندہ سے رابطہ کرسکتے ہیں تاکہ ان کا سی ڈی سی اکاؤنٹ کھلوایا جاسکے اور بعد ازاں ان کے فزیکل حصص کو بک انٹری کی صورت میں منتقل کیا جاسکتا ہے۔

حصص کو بک انٹری کی صورت میں منتقل کئے جانے کے کئی فوائد ہیں جیسا کہ یہ محفوظ تحویل میں رہیں گے، حصص جاری کرنے یا نئی حصص جاری کرنے کیلئے روایتی طریقوں سے بچت، اور اوپن مارکیٹ میں خرید و فروخت کیلئے حصص کی ہمہ وقت موجودگی وہ بھی بہتر قیمت پر وغیرہ شامل ہیں۔